(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَةُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِيِّ وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ

مؤلف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظ

نام کتاب ---- مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مؤلف ---- آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم ---- حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام ---- مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر ---- ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ ---- غلام حیدر چوہدری

ہدیہ ---- 200/= روپے

ساتھ تمسک کریں۔ ہماری دوستی اور ولایت پر اور اسی طرح ہمارے دشمنوں سے براءت اور بیزاری پر ثابت قدم رہیں گے وہ ہماری امامت کے ساتھ خوش اور ہم ان کے شیعہ ہونے کے ساتھ راضی ہیں۔ پس وہ خوش قسمت ہیں اور واللہ وہ خوش قسمت ہیں"

(کمال الدین ۲/۳۷۱ حدیث ۵، بحار الانوار ۵۲/۱۸۴ حدیث ۲)

طبرسی "حضرت امام صادقؑ" سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرت نے "قد قامت الصلوٰۃ" کے معنی میں فرمایا: اس سے مراد حضرت قائم علیہ السلام کا قیام ہے۔

(بحار الانوار ۵۱/۱۳۹)

نورانی مخلوق

(۹۲/۲۰۵) احمد بن محمد بن جوہری کتاب (مقتضب الاثر میں روایت کرتے ہیں کہ حضرت موسیٰؑ نے خدا کے ساتھ کلام کرتے وقت کوہ طور پر مشاہدہ کیا کہ اس پہاڑ کے درخت، پتھر، کنکریاں اور تمام شجر حضرت محمدؐ اور ان کے بارہ جانشینوں کے ذکر میں مشغول ہیں۔ خدا سے عرض کی: اے پروردگار میں دیکھ رہا ہوں کہ تیری تمام مخلوق حضرت محمدؐ اور ان کے بارہ اوصیاء کے ذکر میں مشغول ہے۔ مجھے بتا کہ تیرے نزدیک ان کا کیا مقام اور مرتبہ ہے؟ بارگاہ خداوندی سے خطاب ہوا۔

یا ابن عمران انی خلقتہم قبل خلق الانوار وجعلتہم فی خزانۃ قدسی یرتعون فی ریاض مشیتی، ویتنسمون من روح جبروتی، ویشاہدون اقطار ملکوتی حتی اذا شئت مشیتی انفذت قضائی وقدری

"اے عمران کے بیٹے میں نے انہیں انوار کو خلق کرنے سے پہلے پیدا کیا اپنے قدسی خزانے میں ان کو قرار دیا، اپنی مشیت کے بوستان میں ان کو نعمتوں سے سرشار کیا اور اپنے جبروت کی ہوا سے ان کو زندہ رکھا تا کہ میری